12425-رمضان میں بے ہوش رہنا

سوال

اگر کوئی شخص ایکسیڈنٹ کی وجہ سے بے ہوش ہواور رمضان المبارک کا مہینہ شروع ہوجائے اوراسے بائیس روز بعد ہوش آئے توکیا حکم ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

یہ سوال شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا گیا توان کا جواب تھا :

راجح قول کے مطابق تویہی ہے کہ : بے ہوشی یا پھر مرض اور بغیر مرض کے عقل زائل ہونے سے نماز ساقط ہوجاتی ہے اس لیے اس پر نماز کی قضاء واجب نہیں ہوگی ، لیکن روزوں کی قضاء واجب ہے اس لیے بے ہوشی کی حالت میں جن ایام کے روزے نہیں رکھے اس کی قضاء کرے گا ۔

نمازاور روزے میں فرق یہ ہے کہ نماز میں تکرار ہوتا ہے ، اس لیے اگر وہ فوت شدہ کی قضاء نہیں کرے گا تو دوسرے دن ادا کرلے گا ، لیکن روزوں میں تکرار نہیں ہے ، اسی لیے حائضہ اورنفاس والی عورت نماز کی قضاء نہیں کرتی اورروزے کی قضا کرتی ہے ۔ .